© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

☆ تاجر برادری نے ملکی ترقی کے لیے ہمیشہ کردار ادا کیا۔ (محمد میاں سومرو)

حکمرانوں نے صرف اپنی ترقی کے لیے ہمیشہ کردار ادا کیا۔

☆ ریما سے نام جڑ گیا، سوجڑ گیا، میں کون سا امام مسجد ہوں۔ (شیخ رشید)

گویا آئندہ ہدف مسجد کی امامت کا ہے؟

☆ غیر ملکی چمچہ ہوں، نہ اقتدار کا بھوکا (پرویز مشرف)

ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہوگی

☆ تین سابق ججوں کا اختلافی فیصلہ کاغذ کے ٹکڑے سے زیادہ نہیں۔ (اٹارنی جنرل قیوم ملک)

یہ اُن کے جانے کے بعد پتا چلا ہے!

☆ عمران خان پر اسلامی جمعیت طلبہ کا تشدد (ایک خبر)

میں نے جس شاخ کو پھولوں سے سجایا عارف
میرے سینے میں اُسی شاخ کا کانٹا اترا

☆ نگران حکومت میں کوئی فوجی یا بیورو کریٹ شامل نہیں (خالد مقبول، گورنر پنجاب)

ونگ کمانڈر (ر) اسلم خان ہمایوں نے پنجاب کی نگران کابینہ کے رکن کی حیثیت سے حلف اٹھالیا (ایک خبر)

☆ اس وقت ملک میں ہر طرح سے امن ہے (خواجہ عطاء اللہ، نگران وفاقی وزیر)

راولپنڈی میں حساس فوجی علاقوں میں دو خودکش بم دھماکے، ۳۸ ہلاک، ۴۳ زخمی (تازہ خبر)

☆ کوئی ہمیں ڈکٹیٹ نہیں کر سکتا (شوکت عزیز)

امریکہ چاہے تو پاکستان کے الیکشن بھی واشنگٹن میں ہوں (طارق عظیم)

☆ جسٹس (ر) خالد محمود نے پی سی او کے تحت، شریعت اپیلیٹ کورٹ کے جج کا حلف اٹھالیا (ایک خبر)

کہ بنتی نہیں ہے بادہ و ساغر کہے بغیر

☆ آئے تو خزانہ خالی تھا۔ اب بھرا ہوا ہے۔ (شیخ رشید۔ شیر افگن)

اپنا یا ملک کا؟



© rasailojaraid.com